**Series : OSS/1**

کوڈ نمبر
Code No. **252/1/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **35** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer script during this period.

- آپ سوالوں کا پرچہ چیک کیجئے کہ اِس میں چھپے ہوئے صفحات **7** ہیں۔
- سوالوں کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر چھپا ہے جو طالب علم اپنی جواب کاپی کے سرورق پر لکھے گا۔
- آپ چیک کیجئے کہ سوالوں کے پرچہ میں **35** سوالات ہیں۔
- **جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر اپنی جواب کاپی میں ضرور لِکھ دیجیے۔**
- سوالوں کا پرچہ پڑھنے کے لئے آپکو 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ سوالیہ پرچہ صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 تک طالب علم صرف پرچہ پڑھے گا اور اس وقت کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھے گا۔

# POLITICAL SCIENCE

# سیاسیات

*Time allowed : 3 hours]* *[Maximum marks : 100*

حاصل وقت : 3 گھنٹے — بیش ترین کُل نمبر : 100

**عام ہدایات :**

*(i)* پرچہ کے سبھی سوال لازمی قِسم کے ہیں۔

*(ii)* سِلسِلہ نمبر **1** سے **10** تک کے سوال ایک ایک نمبر کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال **20** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

*(iii)* سِلسِلہ نمبر **11** سے **20** تک کے سوال دو دو نمبروں کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال **40** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(iv) سِلسِلہ نمبر 21 سے 30 تک کے سوال چار چار نمبروں کے ہیں۔ اِن کے جواب فی سوال 100 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(v) سِلسِلہ نمبر 31 سے 35 تک کے سوال چھ چھ نمبروں کے ہیں۔ جن کے جواب فی سوال 150 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(vi) سوال نمبر 30 نقشے پر مبنی ہے۔ اپنی جواب کاپی میں اس سوال کے جواب لکھئے۔

1. امریکہ کی سرداری کا دور کب سے شروع ہوا ؟ 1

2. ہندوستان اور ریاست ہائے متحدہ (امریکہ) کے آپسی تعلقات میں خوش گواریت کی کِنھی دو باتوں پر روشنی ڈالیں۔ ½ + ½ = 1

3. I.M.F. کی پُوری لفاظی شکل پیش کیجئے۔ 1

4. اِس فِقرہ میں خالی جگہوں کو موزوں الفاظ سے بھریئے :

بان کی مُون اقوامِ متحدہ (.U.N) کا آٹھواں ________ ہے۔ وہ ________ کا باشندہ ہے۔ ½ + ½ = 1

5. "Tryst with density" (تقدیر سے وعدہِ ملاقات) کی تقریر کِس کی تھی اور کہاں دی گئی تھی ؟ ½ + ½ = 1

6. پہلے عام اِلیکشن میں، کانگرس نے کِتنی نشِستیں جیتی تھیں ؟ اِس سے دوسری سب سے بڑی پارٹی (CPI) نے کِتنی نشِستیں جتی تھیں ؟ ½ + ½ = 1

7. ہندوستان میں 1967 کے الیکشن کے نتیجہ کو 'سیاسی بھونچال' کیوں کہا جاتا ہے ؟ 1

8. چارُو مجومدار کون تھا ؟ 1

9. 'پارٹی انحصاری تحریکات' کے کیا معنی ہیں ؟ 1

10. ذیلی بیان کی دُرستی کر اِسے دوبارہ لکھیے :

'اطلاع کاری کے حق' کا بل 2002 میں پیش کیا گیا اور اِسے صدرِ ملک کی منظوری جنوری 2005 میں حاصل ہوئی۔ ½ + ½ = 1

11. 'شاک تھیراپی' (علاج با جھٹکا – Shock Therapy) کے کوئی دو نتائج بیان کیجئے۔ 1 + 1 = 2

12. روسی اِتحاد کا بکھرنا کیوں ہوا ؟ اپنے جواب کے حق میں کنھی دو دلیلوں پر روشنی ڈالیں۔ 1 + 1 = 2

13. اپنی معاشیت کو بہتر بنانے کے لئے، لئے گئے چین کے کنھی دو اقدام کا ذکر کیجئے۔ 2 × 1 = 2

14. انسانی حقوق کی نگہبانی (Human Rights Watch) کے کوئی دو مقاصد بیان کیجئے۔ 2 × 1 = 2

15. 'عام لیکن تفرقی ذمہ داری' کے نظریہ کے کیا معنی ہیں ؟ 2

16. آزادی، برابری، جمہوریت اور برادریت کے نظریئوں سے اُس ایک کو پہچانئے جِس سے آزادی کی جدوجہد کے دوران ہندوستان مضبوتی سے وابسطہ تھا۔ 2

17. 'اشتراکی سرکار' (گٹھ جوڑ – Coalition) کے کیا معنی ہیں ؟ ہندوستان میں مرکزی سطح پر ایسی سرکار پہلی بار کب اقتدار میں آئی ؟ 1 + 1 = 2

18. شِملہ معاہدہ کیا تھا ؟ اِس پر دستخط کرنے والوں کے نام لِکھیے۔ 1 + ½ + ½ = 2

19. دو اَیسی مشکلات بتایئے جنکا 72-1971 کے بعد ہندوستان کی سرکار کو سامنہ کرنا پڑا۔ 2 × 1 = 2

20. دلت پینتھروں (Dalit Panthers) کے ذریعہ اُٹھائے گئے کنھی دو مسئلوں کا ذِکر کیجئے۔ 2 × 1 = 2

21. بڑی طاقتوں نے چھوٹے مُلکوں کے ساتھ فوجی مُعاہدے کیوں کئے ؟ کوئی چار وجوہات بیان کیجئے۔ 4 × 1 = 4

22. ہندوستان اور چین کے آپسی تناؤ کے باوجود، دونوں مُلک عالمی سیاست میں اپنے آپ کو اُبھرتی طاقتیں کیوں مانتے تھے ؟ چار اَیسے واقعات بیان کیجئے جنھوں نے دونوں مُلکوں میں دوستانہ تعلقات کو بڑھاوا دیا ہو اور آپ کے جواب کی پختگی کرتے ہوں۔ 4 × 1 = 4

23. جنوبی ایشیا میں کون کون سے ملک شامل کئے گئے ہیں ؟ اِس علاقہ میں امن اور آپسی تعاون کو کیسے بڑھایا جا سکتا ہے ؟ 2 + 2 = 4

24. طاقت کے ابھرتے ہوئے مبادل مرکزوں کا مختلف مما لک کو خوشحال معاشیاتوں میں بدلنے میں کردار واضح کیجئے۔ 4

25. ماحولیاتی مسئلوں پر ہندوستان کے نظریہ کی وضاحت کیجئے۔ اِس معاملے میں ہندوستان نے کونسے اقدام سُجھائے ہیں ؟ 2 + 2 = 4

26. عالم کاری کے کیا معنی ہیں ؟ عالم کاری کے لئے کِنھی دو قِسم کی مزاحمتوں کا ذِکر کیجئے۔ 2 + 2 = 4


27. جمہوری نظام میں مخالف پارٹی سے کیا سمجھا جاتا ہے ؟ 1952 اور 1957 کی پہلی دو پارلیمینٹوں کے دوران مخالف پارٹی کے کِنھی دو عملوں کو بیان کیجئے۔ 2 + 2 = 4

28. غیر جانبدارانہ تحریک کی کِنھی چار خصوصیات کی وضاحت کیجئے۔ 4 × 1 = 4

29. مندرجہ ذیل بانیوں کے ناموں کو اُن کی شروع کی گئی سیاسی پارٹیوں سے جوڑیئے : 4 × 1 = 4

| بانی | | سیاسی پارٹیاں | |
|---|---|---|---|
| (a) | سی۔ راج گوپالا چاری | (i) | تیلگو دیشم پارٹی |
| (b) | دین دیال اُپادھیائے | (ii) | سوتنتر پارٹی |
| (c) | اَین۔ٹی۔ راماراؤ | (iii) | لوک دل |
| (d) | چودھری چرن سنگھ | (iv) | بھارتی جن سنگھ |

30. ہندوستان کے دیئے گئے سیاسی خاکہ پر 1947 سے 2006 تک کی تناؤ والی پانچ ریاستوں (صوبوں) کو A، B، C، D اور E سے نشان زد کیا گیا ہے۔ آپ ان میں سے کِنھی چار ریاستوں کو پہچان کر، اُن کے نام اپنی جواب کاپی میں بالترتیب A، B، C، D اور E کے سامنے لکھئے۔ **4 × 1 = 4**




ذیلی سوال، سوال نمبر **30** کے عِوض میں فقط نابینا طلبا کے لئے ہے :

1947 سے 2006 تک کی تناؤ والی کِنھی چار ریاستوں (صوبوں) کے نام اور اُن کے دارالخلافوں کے نام لکھئے۔ **2 + 2 = 4**

31. رُوسی اِتحاد کے بکھرنے کے کِنھی چھ نتیجوں کا جائزہ پیش کیجئے۔ $6 \times 1 = 6$

یا

غیر جانبدارانہ تحریک کے متعلقہ کِنھی تین تنقیدوں اور کِنھی تین انحصاری قدروں اور نظریئوں کا جائزہ پیش کیجئے۔ $3 + 3 = 6$

32. بدلتے حالات میں اقوام متحدہ (U.N.) کو زیادہ باتعلق بنانے کے سجھائے گئے 2005 کے بعد کے کِنھی چھ اقدام کا جائزہ پیش کیجئے۔ $6 \times 1 = 6$

یا

تحفظ سے کیا سمجھا جاتا ہے؟ تحفظ کے لئے کِنھی چار خطرے کے نئے وسیلوں کے کردار کی قدر مقرر کیجئے۔ $2 + 4 = 6$

33. اس پیراگراف کو بغور پڑھیئے اور پھر آگے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے :

ہمارے ہاں کی مُسلم اقلیت کی تعداد اِتنی زیادہ ہے کہ اگر وہ کہیں جانا بھی چاہیں تو ایسا مُمکن نہیں۔ یہ ایک بنیادی بات ہے جِس کو دلیل کی ضرورت نہیں۔ پاکستان سے کچھ بھی اُکساہٹ ہو اور وہاں کے غیر مسلموں پر کچھ بھی بے عزتی یا ڈر تھوپا جائے، ہمیں اِس اقلیت سے بامروت ڈھنگ سے برتنا ہوگا۔ ہمیں انہیں حفاظت دینی ہوگی اور جمہوریت کے شہری حقوق دینے ہونگے۔ اگر ہم اَیسا نہیں کرتے تو یہ ایک ناسُور بن جائیگا جو آخیر میں پوری سیاست میں زہر پھیلا دیگا اور غالبًا اِسے تباہ کر دیگا۔

– جواہر لال نہرو، چیف منسٹرس کو خط، 15 اکتوبر 1947

(a) پاکستان کے غیر مُسلمانوں پر بے عزتی اور ظُلم ڈھائے جانے کے باوجود جواہرلال نہرو نے مسلمانوں کے ساتھ شائستہ برتاؤ کیوں کرنا چاہا؟

(b) اس اقلیت کو وہی تحفظ اور اختیارات کیوں ملنے چاہئے جو جمہوری نظام کے سبھی دیگر لوگوں کو ملتے ہیں؟

(c) اگر اقلیت کو یہ تحفظ اور اختیارات نہ دئے جائیں تو حالات کی شکل کیا ہوگی؟ $2 + 2 + 2 = 6$

یا

کوئی تین اَیسے چیلینج واضح کیجئے جن کا ہندوستان کو اپنی آزادی کے وقت سامنا کرنا پڑا۔ $3 \times 2 = 6$

34. 1967 کی چوتھے عام الیکشن سے پہلے کے سنگین معاشیاتی بحران کا جائزہ پیش کیجئے۔ الیکشن کی بنا پر الیکشن کاروں کے فیصلہ کا تعین کیجئے۔ **3 + 3 = 6**

**یا**

25 جون 1975 کو ایمرجینسی (ہنگامی حالت) لگانے کی کنھی تین وجوہات کا جائزہ پیش کیجئے۔ کیا سرکار نے اپنی ہنگامی طاقت کا ناجائز استعمال کیا؟ اپنے جواب کے حق میں کوئی تین دلیلیں بیان کیجئے۔ **3 + 3 = 6**

35. 1989 سے 2004 تک ہندوستان میں نوں (9) اشتراکی سرکار بنی، اِن میں سے کنھی دو اشتراکی سرکاروں کے عروج اور گراوٹ کا جائزہ پیش کیجئے۔ **3 + 3 = 6**

**یا**

"1980 سے 1990 کے دَور میں کُچھ ایسے واقعات ہوئے جنھوں نے ہندوستانی سیاسیات پر گہرا اثر ڈالا۔" ایسے کنھی تین واقعات کی قدر کا تعین کیجئے۔ **3 × 2 = 6**

---